مندرجات

اربن ایڈوانٹیج (Urban Advantage) ایک نظر میں 02

اربن ایڈوانٹیج کیا ہے؟

UA 8 ادارے

میں ہر ادارے میں کیا کر سکتا ہوں؟

اربن ایڈوانٹیج اداروں کا دورہ کرنا 03

بلامعاوضہ دورہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟

اہل خانہ کی خاص تقریبات

نمائشوں میں میں خاندانوں کا میل ملاپ 04

اہل خانہ کے لیے عام مفید نکات

سرگرمیوں کی مثالیں

استفساری سوالات 05

نمائش کے مشاہدے کے لیے تحقیقاتی سوالات

میں اپنے بچے کی کس طرح مدد کر سکتا ہوں سائنس کی تعلیم میں؟ 06

گھر پر اور اسکول میں

urban advantage
science initiative

رہنما کتابچہ برائے اہل خانہ

اپنے بچے کے ساتھ نیویارک شہر کے زُو، میوزیم، بوٹانیکل گارڈنز اور اکویرئم میں سائنسی تحقیق کرنے کا ایک بلامعاوضہ موقع۔

UA اداروں کا دورہ کرنا ②

اربن ایڈوانٹج کیا ہے؟

اربن ایڈوانٹج ایک شہر گیر پروگرام ہے جو سائنس کی تعلیم میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اربن ایڈوانٹج اسکولوں، اساتذہ، طلباء اور خاندانوں کو سائنسی دریافت کے ولولے اور نیو یارک کے آٹھ ممتاز سائنس سے بھرپور ثقافتی اداروں میں دی جانے والی تدریس سے مربوط کرتا ہے۔

طلباء اور خاندانوں کے لیے مفت داخلے کی پیشکش کے علاوہ۔ اربن ایڈوانٹج سائنس کے اساتذہ کو نیویارک شہر کے سائنس سے بھرپور میوزیم، زو، بوٹینکل گارڈنز اور اکویریم کے وسائل کو سائنسی تحقیق کو تقویت دینے کے لیے استعمال کرنے کے لیے تیار کرتا ہے، اور حصہ لینے والے اسکولز طلباء کو اپنی کلاسوں اور گھر دونوں پر پروجیکٹس جاری رکھنے میں مدد کے لیے آلات اور سامان بھی فراہم کرتے ہیں۔

میں ہر UA ادارے میں کیا کر سکتا ہوں؟

نیویارک کے عالمی معیار کے ثقافتی ادارے دیکھنے، لطف اندوز ہونے اور سائنسی تعلیم کے لیے بہترین جگہیں ہیں۔ UA شراکت کار ادارے ہر برو میں واقع ہیں!

اربن ایڈوانٹیج کے 8 شراکت دار ادارے

- **امیریکن میوزیم آف نیچرل ہڑسٹری (American Museum of Natural History)** — وہ نمائشیں تلاش کریں جو بطور فیلڈ گائیڈ تمام سیارے کا احاطہ کرتی ہیں؛ جیسے کہ ہماری ڈائنوسارز نمائشیں۔
- **برونکس زو (Bronx Zoo)** — پوری دنیا سے 700 سے زائد انواع کے حیوانات کو قریب سے دیکھنے کے لیے امریکہ کے سب بڑے شہری چڑیا گھرکا دورہ کریں۔
- **بروکل گارڈکنیلن بوٹن (Brooklyn Botanic Garden)** — چھوٹے بونسائی (bonsai) پودوں سے لے کر اونچے میپل (maple) درختوں تک، یا Steinhardt Conservatory میں متنوع مسکنوں (habitats) کا دورہ کریں۔
- **نیویا ارککویریم (New York Aquarium)** — بحری سائنس کی جامع تعلیم سے لطف اندوز ہوں اور رنگ برنگی مچھلیاں، پین گوئنز، حیرتناک شارکس اور بہت کچھ دیکھیں۔
- **نیویگارڈن بوٹن لکنیارک (New York Botanical Garden)** — محفوظ ماحول میں دنیا کا "ایکو ٹور" کریں یا 250 ایکڑ پر پھیلے قدیم مقامی جنگل دریافت کریں۔
- **نیویارک ہال آف سائنس (New York Hall of Science)** — "City Works" میں شہروں کی سائنس پر تحقیق کریں یا "The Big Bubble Experiment" میں بڑے بلبلے بنائیں۔
- **اسٹیٹن آئلینڈ زُو (Staten Island Zoo)** — ریپٹائل ونگ میں رینگنے والے اور بر و بحر پر چلنے والے (amphibians) جانور دیکھیں یا ٹراپیکل فاریسٹ میں گھومیں پھریں۔
- **کوئنز بوٹینکل گارڈن (Queens Botanical Garden)** — اس گارڈن میں جائیں جو 1939-1940 نیو یارک کا عالمی میلہ کے "Gardens on Parade" سے بنایا گیا تھا۔

UA اداروں کا دورہ کریں

مفت دورہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟

- وہ طلباء جن کے سائنس کے استاد اربن ایڈوانٹیج کا حصہ ہیں انہیں ایک **Student +3 واؤچر** ڈجیٹلی یا پھر پرنٹڈ انداز میں ملے گا۔ اس دوبارہ استعمال ہونے والے واؤچر سے طالب علم اور تین تک مہمان داخل ہو سکتے ہیں۔ مہمانوں میں سے ایک کا بالغ ہونا لازمی ہے۔
  - UA ویب سائٹ دیکھیں www.urbanadvantagenyc.org اور طلباء اور خاندان پر کلک کریں۔ ""Visit Institution ٹیب دبائیں اور ہدایات دیکھیں که ہر ادارے میں اپنا واؤچر کیسے استعمال کریں۔

- اربن ایڈوانٹج اسکولز کسی ہفتہ اتوار کے دن یا اسکول کی چھٹی کے دن کسی شراکت دار اداروں کے **اسکول کمینوٹی ٹرپ واؤچر** کو استعمال کرکے ایک فیملی فیلڈ دورے کا انتظام کر سکتے ہیں۔ یه مفت دورے ایسے ہیں جو خاندان کو شامل کرنے کی حوصله افزائی کرتے ہیں اور ان کا انتظام والدین رابطه کار کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے ان سے رابطه کریں۔

- فیملی سائنس ڈے اور ایکسپو فلائرز UA طالب علم اور اہل خانه کو خاندان کے لیے ان تقریبات میں بلامعاوضه داخله دیں گے۔

<u>اربن ایڈوانٹیج کی اہل خانه کے لیے خاص تقریبات</u>

فیملی سائنس ڈے خصوصی دن ہوتے ہیں حب شراکت دار ادارے اربن ایڈوانٹج خاندانوں کا استقبال کرنے لیے اپنے دروازے کھولتے ہیں تاکه وہ ان کی نمائشوں اور سائنس کی عملی سرگرمیوں ملاحظه کر سکیں۔ فیملی سائنس ڈے کا انعقاد سارے تعلیمی سال کے دوران کیا جاتا ہے۔ آپ کو مفت داخلے کے لیے ایک خصوصی فلائر درکار ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے اپنے والدین رابطه کار یا UA سائنس ٹیچر سے رابطه کریں۔

اربن ایڈوانٹیج سائنس ایکسپو طالب علم کی سائنس اور انجینئرنگ میں دلچسپی اور کوششوں کو منظر عام پر لاتا ہے اور انہیں سراہتا ہے۔ شہر بھر کے مڈل اسکول کے طلباء اپنے کام کو پیش کرنے کے لیے ہمارے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔ ہم اس تقریب میں اہل خانه، اسکول کا عمله، طلباء اور برادری پر مشتمل تنظیموں کا خیرمقدم کرتے ہیں۔

نمائشوں میں خاندانوں کا میل ملاپ

اہل خانہ کے لیے عام مفید نکات

- اسے مختصر / آسان رکھیں! نمائش میں چند سوالات پوچھنا اور / یا اپنی آراء سے آگاہ کرنا اچھی بات ہے
  - جو آپ دیکھیں اسے بیان کریں۔
  - اپنے بچوں کے ساتھ ملکر مشاہدات شیئر کریں، سوالات پوچھیں اور انہیں بھی اپنے مشاہادات بتانے اور سوالات پوچھنے کا موقع دیں۔
- بچوں کو کچھ وقت خاموشی کے ساتھ نمائش دیکھنے کا موقع دیں۔ آپ کو مسلسل انہیں معلومات اور سوالات میں مشغول رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر آپ کے پاس ایک سے زیادہ بچے ہیں، ہر ایک بچے کی انفرادی ضروریات کا خیال رکھیں اور دیکھیں کہ یہ کس طرح بہترین طریقے سے سمجھ سکتے ہیں۔
- جب کسی ادارے کی سیر کر رہے ہوں، صرف چند نمائشوں پر توجہ مرکوز رکھیں۔ چند نمائشوں پر زیادہ وقت صرف کرنا زیادہ بامعنی باہمی عمل اور تدریس کا باعث بنتا ہے۔

میں کون سی سرگرمیاں کر سکتا ہوں؟

- **تحقیق کرنا**- بچوں کو نمائش میں تصویروں، چیزوں کو تلاش کرنے یا معلومات حاصل کرنے دیں۔ یہ ایک پودا یا پالتو جانور تلاش کرنے جیسا مشکل کام ہو سکتا ہے یا کوئی رنگ یا شکل تلاش کرنے جیسا آسان کام بھی ہو سکتا ہے!
- **جرنل لکھنا**- بچوں کو ان کے سوالات اور / یا مشاہدات کو ایک جرنل میں لکھنے یا ریکارڈ کرنے دیں۔ جتنا ممکن ہو تفصیلاً بیان کریں۔
- **تخلیقی پروجیکٹس کریں**- کسی نمائش کو ایک تصویر بنانے، ایک نظم لکھنے یا کوئی دیگر فنی نوعیت کےاظہار کرنے کی ترغیب دینے کے لیے استعمال کریں۔

- **پاپ ثقافت**- نمائش کو اپنے بچوں کے پسندیدہ گانے، کتاب، موسیقی یا مووی سے مربوط کریں۔
- **کہانیاں شیئر کریں!**- اپنے بچوں سے بات کریں کہ کس طرح یہ نمائش آپ اور آپ کے خاندان سے مماثلت رکھتی ہے!
  - کیا آپ نے ان پودوں / جانوروں / چیزوں کو نشونما پاتے دیکھا ہے؟
  - کیا آپ نے اپنے گھر کے اردگرد دلچسپ پودے / جانور / چیزوں کو دیکھا ہے؟
  - آپ میں سے ہر ایک نے آج کون سی نئی بات سیکھی ہے؟

نمائش کے مشاہدے کے لیے تحقیقی سوالات

5

ان ہدایات کو اس طرح تشکیل دیا گیا ہے جس سے اہل خانہ کو ادارے کی نمائش کو مزید گہرے انداز میں دیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ تحقیق پر مبنی سوالات بچوں اور بڑوں کی احتیاط سے مشاہدہ کرنے، ذاتی تعلقات بنانے اور تخلیقی سوچ رکھنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ نمائشوں میں کھلے انداز میں سوالات کرنے سے، اہل خانہ میں تجسُس بڑھتا ہے، تنقیدی سوچ پیدا ہوتی ہے اور ایک دوسرے سے سیکھنے کو ملتا ہے—ساتھ ہی آپس میں مزے بھی کرتے ہیں۔

مشاہدہ اور دریافت

- آپ کو سب سے پہلے کس چیز نے متوجہ کیا؟
- آپ کون سے مشاہدات کر سکتے ہیں؟
- ذہن میں کون سے سوالات یا سوچ جنم لیتے ہیں؟

تعلق قائم کرنا

- کیا یہ آپ کو اپنی زندگی کے بارے میں کچھ یاد دلاتا ہے؟
- آپ کو ماضی کے کون سے تجربات / چیزوں کی یاد دلاتا ہے؟
- آپ کیا سمجھتے ہیں کہ یہ کس طرح آج کی دنیا کے ساتھ ربط پیدا کرتا ہے؟

تناظرات کی تحقیق

- اگر یہ چیز یا زندہ شہ بات کر سکتی، تو کیا کہتی؟
- اگر یہ چیز ماضی کے بجائے آج بنائی جاتی تو کیسی دکھائی دیتی یا کیسے محسوس کی جاتی؟
- آپ اپنے کسی ایسے دوست کو جو یہ نمائش نہیں دیکھ سکا کس طرح اس کی وضاحت کریں گے؟

مسائل سلجھانا اور تخیلات

- آپ کیا سمجھتے ہیں کہ اسے کیسے بنایا یا دریافت کیا گیا؟
- اگر آپ اسے دوبارہ ڈیزائین کر سکتے، تو آپ کیا تبدیل کرتے؟
- اس زندہ شہ کی کون سی ایسی خصوصیت یا مطابقت ہے جسے آپ تبدیل کرتے؟

جذباتی وابستگی

- اس سے آپ کو کیسا محسوس ہوا؟
- اگر اس چیز / زندہ شہ کا کوئی مزاج ہوتا، تو کیسے ہوتا؟
- کیا یہ چیز / زندہ شہ آپ کو متجسس، متذبذب، یا متاثر کرتی ہے؟

اہل خانہ کے ساتھ گفتگو

- کیا ہم سب یہاں ایک جیسی، یا کچھ مختلف چیز دیکھ رہے ہیں؟
- اگر آپ کیوریٹر، زُو کے محافظ یا باغبان سے ایک سوال پوچھ سکتے، تو وہ کیا ہوتا؟

میں اپنے بچے کی سائنس کی تعلیم میں کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

اسکول میں	گھر پر
• اپنے بچے اور ان کے استاد سے باقاعدہ رابطے میں رہیں۔ • اہل خانہ کی اسکول تقریبات اور خاندانی سائنسی کی راتوں میں شرکت کریں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو دلچسپ اور عملی سرگرمیوں والا کوئی UA شراکت کار نظر آ جائے! • ہمارے شراکت دار اداروں کے آنے والے دوروں کے مواقع کے لیے اپنے بچے کے سائنس کے استاد یا والدین رابطہ کار سے معلومات کریں۔ • اپنے بچے کی ایک سائنس پروجیکٹ پر کام کرنے اور اسے ہمارے سالانہ اربن ایڈوانٹیج ایکسپو میں پیش کرنے کی حوصلہ افزائی کریں!	• سائنس کے لیے انکی فہم کو بڑھانے کے لیے اپنے بچوں کی مشاہدہ کرنے، سوالات پوچھنے اور تجربات کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ • گھر اور برادری میں باہر جاکر کھیلنے اور سائنس سے متعلق جگہوں جیسے کہ مقامی پارکس، اور ثقافتی اداروں کے دوروں کے ذریعے سائنس کی تعلیم کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کریں۔ • مطالعہ اور سائنسی تحقیق کے لیے اپنے بچے کو لائبریری لے کر جائیں۔ • اپنے بچے کی دلچسپی کی بنیاد پر UA اداروں کے دوروں کا منصوبہ بنانے کے لیے اپنا Student+3 واؤچر استعمال کریں۔

SCAN ME

ادارے سے متعلق خاص معلومات کے لیے کہ Student+3 واؤچر کس طرح استعمال کیا جاتا ہے یہاں جائیں:
www.urbanadvantagenyc.org/stu/dents-institutions

American Museum of Natural History

Bronx Zoo
A Wildlife Conservation Society Park

Brooklyn Botanic Garden

New York Aquarium
A Wildlife Conservation Society Park

NYBG New York Botanical Garden

nysci
New York Hall of Science

Queens Botanical Garden

Zoo Staten Island

NYC Public Schools

NYC Office of the Mayor

The Council of the City of New York

اربن ایڈونٹج پروگرام کے لیے عوامی مدد نیو یارک شہر کے اسپیکر، نیویارک شہر کونسل اور نیویارک پبلک اسکولز کے ذریعے فراہم کی گئی ہے۔